فوری ریلیز کے لیے: 10/1/2023 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کی جانب سے بندوق کے پُرتشدد استعمال اور پُرتشدد جرائم کو کم کرنے کے لیے عوامی تحفظ کی اہم پہل کاریوں اور سرمایہ کاریوں کا اعلان***

***ریاست نیو یارک کے پولیس کمیونٹی سٹیبلائزیشن یونٹس کو وسیع کرتا ہے، فیڈرل ٹاسک فورسز میں فوجیوں کی شرکت کو تقویت دیتا ہے اور نئے بھرتی ہونے والوں کے لیے بیمثال چار اکیڈمی کلاسز پیش کرکے ڈویژن کے درجات میں اضافہ کرتا ہے***

***قومی سطح پر تسلیم شدہ گن انوالوڈ وائلنس ایلیمینیشن (Gun Involved Violence Elimination, GIVE) پہل کاری کے لیے ریاستی فنڈنگ کو دوگنا کرتا ہے اور ریاست کے 62 ڈسٹرکٹ اٹارنی دفاتر کو تین گنا سے زیادہ امداد دیتا ہے***

***قید کے متبادلوں اور دوبارہ داخلے کے پروگراموں میں ریکارڈ سرمایہ کاری کرتا ہے جو تکرارِ جرم کو کم کرتے ہیں اور نیو یارک کے مکینوں کی بہتر حفاظت کے لیے ضمانت کے قوانین کی وضاحت کرنے کی تجویز پیش کرتے ہیں***

***معاشرے میں فینٹینائل (Fentanyl) کے بہاؤ سے نمٹنے کے لیے ریاست کے ردعمل کو مضبوط کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج، سنہ 2023 کے سالانہ ریاستی خطاب کے جزو کے طور پر، عوامی تحفظ کی بڑی پہل کاریوں اور سرمایہ کاری کا اعلان کیا، بندوق کے پُرتشدد استعمال اور دیگر پُرتشدد جرائم کو مزید کم کرنے، تکرارِ جرم کو کم کرنے، جان لیوا فینٹینائل کے بہاؤ کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے ثابت شدہ پروگراموں اور خدمات کو وسیع کرتے ہوئے اور عدالتی نظام کی افادیت کو بہتر بناتے ہوئے، جو عالمی وباء سے متاثر ہوئی تھی۔ گورنر ریاست نیو یارک کے پولیس کمیونٹی سٹیبلائزیشن یونٹس کی تعداد کو بڑھانے، وفاقی ٹاسک فورسز میں فوجیوں کی شرکت کو تقویت دینے، اور ایک بیمثال چار اکیڈمی کلاسز کی پیشکش کرکے ریاستی پولیس کے درجات کو بڑھانے کے لیے ایک جامع منصوبہ تجویز کر رہی ہیں۔ گورنر Hochul ریاست کی قومی سطح پر تسلیم شدہ گن انوالوڈ وائلنس ایلیمینیشن پہل کاری کے لیے فنڈنگ کو دوگنا کرنے، ریاست کے 62 ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفاتر کو پراسیکیوشن گرانٹس کے لیے تین گنا امداد سے زیادہ کرنے، اور تکرارِ جرم کو کم کرنے کے لیے قید میں رہنے اور دوبارہ داخلے کے پروگراموں کے متبادل میں ریکارڈ فنڈنگ کی سرمایہ کاری کرنے، قید کی سزا کاٹ کر گھر واپس آنے والے افراد کے لیے مواقع میں اضافہ کرنے، محلوں میں معیارِ زندگی کو بہتر بنانے اور علاقوں کو محفوظ بنانے کی تجویز بھی دے رہی ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "عوامی تحفظ میری اولین ترجیح ہے۔ میں اس ریاست کے لوگوں کی حفاظت، بندوق کے پُرتشدد استعمال اور پُرتشدد جرائم کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے، اور نیو یارک کے مکینوں کو محفوظ رکھنے والے ثابت شدہ حلوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے اپنے اختیار میں ہر ذریعے کو استعمال کرنے کے لیے پُرعزم ہوں"۔

**لیفٹیننٹ گورنر ڈیلگاڈو نے کہا،** "نیو یارک میں، ہم جرائم کو کم کرنے، محفوظ علاقوں کی تعمیر، اور تکرارِ جرم کے چکروں کو توڑنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہمارے علاقوں میں یہ براہِ راست سرمایہ کاری نیو یارک کے مکینوں کو محفوظ رکھے گی اور ہماری ریاست کو آگے بڑھتا رکھے گی"۔

گورنر کی نئی سرمایہ کاری ایک فرق پیدا کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کی پولیس، فوجداری انصاف کی خدمات کے ڈویژن، اور محکمۂ اصلاحات اور معاشرتی نگرانی کو فنڈنگ ان پروگراموں اور خدمات تک وسیع کرنے کی اجازت دے گی جو ثابت شدہ ہیں۔ گورنر Hochul ہمارے فوجداری نظامِ انصاف میں اعتماد بحال کرنے کے لیے ریاست کے ضمانتی قوانین کو واضح کرنے کے لیے مقننہ کے ساتھ بھی کام کریں گی۔

**ریاستی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا،** "ہم اپنے علاقوں سے غیر قانونی بندوقوں کو نکالنے اور ریاست بھر میں بندوق کے پُرتشدد استعمال کو کم کرنے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو آگے بڑھانے کے لیے اپنے قانون نافذ کرنے والے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔ گورنر Hochul کی تجویز اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہمارے پاس اس مشن کو مکمل طور پر پورا کرنے کے لیے ضروری اضافی وسائل ہوں گے۔ ہم گورنر کی قیادت اور ریاستی پولیس کی مسلسل کفالت کو سراہتے ہیں۔

**فوجداری انصاف کی خدمات کے ڈویژن کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا،** "گورنر Hochul نے نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے اور سب کے لیے ہمارے نظامِ انصاف کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے ایک جامع حکمت عملی تیار کی ہے۔ ایسے پروگراموں جو بندوق کے پُرتشدد استعمال کو روکنے، تکرارِ جرم کو کم کرنے اور معاشرے کی ضروریات کو پورا کرنے میں مؤثر ثابت ہوئے ہیں، کو وسعت دینے اور بڑھانے کے ذریعے گورنر ایک محفوظ ریاست کی تشکیل جاری رکھے ہوئے ہے۔ میں گورنر Hochul کی ان کی ثابت قدم قیادت اور عوامی تحفظ کی کارگر حکمتِ عملیوں کی حمایت کے لیے شکر گزار ہوں، بشمول ہماری GIVE پہل کاری، جرائم کے تجزیہ کے مراکز کا نیٹ ورک، قید اور حراست کے متبادل، اور انصاف کی حالیہ اصلاحات کے لیے اہم فنڈنگ، بشمول دریافت اور مقدمے کی سماعت کے طریقہ ہائے کار"۔

**محکمۂ اصلاحات اور معاشرتی نگرانی کے قائم مقام کمشنر Anthony J. Annucci نے کہا،** "محکمے کو ہمارے پیرول افسران، تفتیش کاروں اور دیگر قانون نافذ کرنے والے شراکت داروں کی جانب سے کیے جانے والے کام پر فخر ہے جو GIVE پہل کاری میں حصہ لیتے ہیں جس کے نتیجے میں غیر قانونی آتشیں اسلحے کی خاصی بڑی تعداد کو ضبط کیا گیا ہے، جس سے نیو یارک کے مکینوں کو تحفظ ملا ہے۔ میں GIVE کے لیے بہتر فنڈنگ کے ساتھ عوامی تحفظ کے لیے اس کے متوازن کثیر الجہت طریقۂ کار پر گورنر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، جس سے قید میں رہنے کے متبادل کی حمایت کرنے کے لیے وسائل فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ محکمے کے برقی نگرانی کے استعمال کو وسعت دینے اور پُرتشدد مصروفیات کے خلاف نگرانی ( Supervision Against Violent Engagement, SAVE) پہل کاری کے ذریعے بہتر نگرانی میں بھی اضافہ ہو رہا ہے"۔

**ریاست نیو یارک کی پولیس (New York State Police, NYSP)**

کمیونٹی سٹیبلائزیشن یونٹس غیر قانونی آتشیں اسلحے کی روک تھام کے لیے ریاستی پولیس کے کثیر الجہت طریقۂ کار میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور کم عملے والی مقامی پولیس ایجنسیوں کو جرائم میں اضافے اور ابھرتے ہوئے مسائل کو فعال طور پر حل کرنے کے لیے وسائل فراہم کرتے ہیں۔ فوجی، بشمول کینائن (پولیس کے کتے) کی تفصیلات، اور ان یونٹوں کو تفویض کردہ تفتیش کار نواحی علاقوں میں تشدد اور معیارِ زندگی سے نمٹنے کے لیے مختلف حربے استعمال کرتے ہیں، جیسے کہ ہدف کی تفصیلات، مخصوص گشت، کاروباری مالکان اور اہلِ علاقہ کے ساتھ تعاون۔ یونٹس مقامی علاقوں میں پولیس کی جسمانی موجودگی بڑھانے اور عوام کے ساتھ ان کے خدشات کو سمجھنے کے لیے بات چیت کرنے میں مدد دے کر مجرمانہ سرگرمیوں کو روکنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔ گورنر Hochul کی تجویز سے ان یونٹوں کی تعداد 16 سے بڑھ کر 25 ہو جائے گی۔

ریاستی پولیس وفاقی ٹاسک فورسز میں اپنی موجودگی کو وسعت دے گی، غیر قانونی بندوقیں سڑکوں سے ہٹانے اور پُرتشدد جرائم کو کم کرنے کے لیے شراکت داروں کے ساتھ تعاون کرنے کے اپنے عزم کو تقویت دے گی۔ ان ٹاسک فورسز میں شرکت بھی معلومات اور مخبریوں تک زیادہ رسائی فراہم کرتی ہے، اور وفاقی ٹاسک فورسز کے پاس

ریاست، کاؤنٹی اور مقامی حدود میں فرق کو زیادہ ہمواری کے ساتھ پُر کرنے کا اختیار اور وسائل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، گورنر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے استغاثہ اور پولیس کے ساتھ مل کر کام کریں گی کہ ریاست نیو یارک میں تمام جرائم میں ملوث بندوقوں پر موجود ڈی این اے کو ریاست کے ڈی این اے ڈیٹا بینک کو بھیجا جائے اور جرائم کو حل کرنے کے لیے سائنس کی طاقت کو مزید فائدہ پہنچانے کے لیے زیادہ تیزی سے تجزیہ کیا جائے۔

آخر میں، گورنر محکمے کی تعمیرِ نو کو تیز کرنے کے لیے ایک بیمثال چار ریاستی پولیس اکیڈمی کلاسوں کے لیے اضافی فنڈنگ کی تجویز پیش کریں گی، جس میں وسائل پوری طاقت سے کافی کم ہیں۔ اس سے ڈویژن کو مزید فوجیوں کو سنگین جرائم سے نمٹنے کی کوششوں کے لیے وقف کرنے کا موقع ملے گا۔

**<u>ریاست نیو یارک کا فوجداری انصاف کی خدمات کا ڈویژن ( Division of Criminal Justice Services, DCJS)</u>**

COVID-19 کی عالمی وباء سے پہلے، نیو یارک نے ثابت شدہ پروگراموں اور حکمت عملیوں میں اپنے کثیر الجہت طریقۂ کار کے ذریعے بندوق کے پُرتشدد استعمال میں ریکارڈ کمی حاصل کی، بشمول GIVE، کمیونٹی سٹیبلائزیشن یونٹس، SNUG سٹریٹ آؤٹ ریچ پروگرام، انٹر ایجنسی اشتراک اور تعاون، جرائم کا تجزیہ، نیز مقامی، ریاستی اور وفاقی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ڈیٹا اور معلومات کا اشتراک۔ سنہ 2019 میں، ریاست نیو یارک نے آتشیں اسلحے سے متعلق 304 قتلوں کی اطلاع دی، جو سنہ 2011 سے سنہ 2020 تک کے 10 سالہ عرصے کے دوران دوسری سب سے کم تعداد ہے۔ صرف سنہ 2017 میں کم تھے: 296- GIVE پروگرام میں حصہ لینے والے 20 پولیس محکموں کی جانب سے زخمی ہونے والے شوٹنگ کے واقعات اور شوٹنگ کے متاثرین کی تعداد میں بھی سنہ 2016 سے سنہ 2019 تک سالانہ کمی آئی، جب دونوں 10 سال کی کم ترین سطح پر پہنچ گئے۔ رپورٹ کردہ انڈیکس جرائم میں بھی سات سالوں میں سالانہ کمی آئی، جو سنہ 2019 میں اب تک کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی۔ نیو یارک ملک کی 10 بڑی ریاستوں میں سب سے محفوظ تھی۔

سنہ 2020 اور 2021 میں پورے ملک میں بندوق کے پُرتشدد استعمال میں اضافہ ہوا، جب نیو یارک اور دیگر ریاستوں کو ایک عالمی وباء کا سامنا کرنا پڑا جس نے زندگی کے ہر پہلو کو متاثر کیا اور فوجداری انصاف اور عدالتی نظام کو نمایاں طور پر متاثر کیا، اور سماجی بدامنی کا سامنا کرنا پڑا جو ایک نسل میں نہیں دیکھا گیا تھا۔ پچھلے سال، رپورٹ کردہ جرائم میں بھی پورے ملک اور ریاست نیو یارک میں اضافہ ہوا۔ عوامی تحفظ کے اس کٹاؤ سے نمٹنے کے لیے، گورنر Hochul نے سنہ 2022 میں عوامی تحفظ کی پہل کاریوں کے لیے 227$ ملین حاصل کیے، اور ریاست میں اس سرمایہ کاری کے نتیجے میں پیشرفت دیکھنے میں آئی۔ 10,000 سے زائد غیر قانونی بندوقیں سڑکوں سے ہٹا لی گئی ہیں اور ابتدائی اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ GIVE میں حصہ لینے والے علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 16 فیصد کمی آئی ہے، اور ریاست بھر میں قتل کی وارداتوں میں 10 فیصد کمی آئی ہے۔ سنہ 2017 سے 2019 تک عالمی وباء سے پہلے کی مدت کے مقابلے میں، نیو یارک شہر میں پُرتشدد جرائم میں 32 فیصد اضافہ ہوا، جب کہ پانچوں بلدیات سے باہر کے علاقوں میں پُرتشدد جرائم میں معمولی سا یعنی 4 فیصد اضافہ دیکھا گیا۔

GIVE کے لیے فنڈنگ دوگنا ہو کر 36$ ملین ہو جائے گی، جس سے شواہد پر مبنی حکمتِ عملیوں – ہاٹ سپاٹ پولیسنگ، فوکسڈ ڈیٹرنس، ماحولیاتی ڈیزائن کے ذریعے جرائم کی روک تھام، اور سٹریٹ آؤٹ ریچ – کے استعمال کو وسعت ملے گی اور نتیجتاً 150 سے زائد پولیس افسران کی خدمات حاصل کی جائیں گی اور وکلائے استغاثہ صرف اور صرف اپنے علاقوں میں بندوق کے پُرتشدد استعمال سے نمٹنے کے لیے وقف ہیں۔ یہ پہل کاری 17 کاؤنٹیوں میں 20 پولیس محکموں کی معاونت کرتی ہے جو نیو یارک سٹی سے باہر ریاست نیو یارک میں ہونے والے پُرتشدد جرائم کے 80 فیصد سے زیادہ کا حصہ ہیں: البانی, بروم, چوٹوقوا, ڈچس, ایری, مونرو, نساؤ, نیاگرا, اونیڈا, اونونڈاگا, اورنج, رینسیلر, راکلینڈ, سکینیکٹیڈی, سافک, السٹر اور ویسٹ چیسٹر۔ ان کاؤنٹیوں میں ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفاتر، پروبیشن ڈیپارٹمنٹ، شیرف کے دفاتر اور دیگر شراکت دار بھی اس پہل کاری کے ذریعے فنڈنگ حاصل کرتے ہیں۔

استغاثہ کی فنڈنگ کے لیے امداد 40 ملین ڈالر تک تین گنا سے زیادہ ہو گی، جو ریاست کے 62 ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفاتر میں اضافی پراسیکیوٹرز کی خدمات حاصل کرنے کے لیے استعمال کی جائے گی۔ ریاست نیو یارک شہر سے باہر کی 57 کاؤنٹیوں کے لیے دریافت کے قانون کے نفاذ اور ریاست کے ضمانتی قوانین میں تبدیلیوں کے ساتھ 40

ملین ڈالر کی دریافت کو بھی برقرار رکھے گی، یہ دونوں 1 جنوری 2020 سے نافذ العمل ہیں۔ آج تک، ریاست نے کاؤنٹیوں کے لیے $80 ملین مختص کیے ہیں، جنہوں نے تربیت، عملے، اوور ٹائم، انتظامی معاونت، آلات، سافٹ ویئر اور ڈیٹا کنیکٹیویٹی کے لیے فنڈز کا استعمال کیا ہے۔ کاؤنٹیوں کو DCJS کو منصوبے جمع کروانا درکار تھا جس میں ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفاتر، مقامی پولیس کے محکموں، اور شیرف کے دفاتر کے لیے درخواستوں کو ترجیح دی گئی تھی، لیکن فنڈنگ بھی مقدمے کی سماعت کی خدمات اور ضمانت میں اصلاحات، بلا منافع کام کرنے والی تنظیموں، اور فرانزک لیبارٹریوں کے نتیجے میں کیس کی نگرانی میں اضافہ کر سکتی ہے۔

DCJS اپنے جرائم کے تجزیئے کے مراکز کے نیٹ ورک کو بھی توسیع دے گا، جو ایک قومی ماڈل اور ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور جرائم کو روکنے، تفتیش کرنے اور حل کرنے کے لیے مقامی کوششوں کو نیو یارک سٹی تک وسیع کرے گا۔ یہ نیا مرکز البانی، بروم، ایری، فرینکلن مونرو، نیاگرا، اونیڈا، اونونڈاگا، اورنج، سافک کاؤنٹیوں میں واقع 10 دیگر مراکز میں شامل ہو گا جو تقریباً 43 کاؤنٹیوں میں 350 سے زیادہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمت کرتے ہیں اور ہر سال 60,000 سے زیادہ درخواستوں کو نمٹاتے ہیں۔

قانون نافذ کرنے والے مقامی اداروں کے ساتھ شراکت میں DCJS کے تعاون سے، مراکز نے مقامی حکام کو قتل، فائرنگ، ڈکیتیوں، نفرت پر مبنی جرائم، اور چوریوں کے سلسلے، نیز قومی اور علاقائی منظم جرائم پیشہ گروہوں کی جانب سے کیے جانے والے جرائم کو حل کرنے میں مدد دی ہے۔ نیو یارک سٹی سنٹر ریاست بھر میں ڈیٹا اور معلومات کے تبادلے کو یقینی بنانے کے لیے، نیو یارک سٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ سمیت پانچ بلدیات کے شراکت داروں کے ساتھ جرائم کے تجزیے اور معلومات کے تبادلے کو تیار کرے گا اور فروغ دے گا۔ نیا مرکز نیو یارک-نیو جرسی ہائی انٹینسیٹی ڈرگ ٹریفکنگ ایریا (High Intensity Drug Trafficking Area, HIDTA) کے اندر واقع موجود علاقائی جرائم کے تجزیہ کی صلاحیت کے ساتھ بھی ضم ہو جائے گا، جو منشیات کی غیر قانونی تجارت اور بندوق کے پُرتشدد استعمال کے چکر کو روکنے پر مرکوز ہے۔

گورنر Hochul ریاست میں فینٹینائل کے بہاؤ سے نمٹنے کے لیے اضافی فنڈنگ کی تجویز بھی پیش کریں گی۔ فینٹینائل کی تقسیم اور اس سے متعلقہ اموات پر توجہ مرکوز کرنے والے اضافی جرائم کے تجزیہ کاروں کو HIDTA میں تعینات کیا جائے گا، اور ریاست استغاثہ کے لیے ایک انسدادِ فینٹینائل اختراعی گرانٹ قائم کرے گی، جس سے وہ رسدی سلسلے کو نشانہ بنا سکیں گے اور دیگر تجاویز کے ساتھ ساتھ زیادہ تعداد میں ہونے والی اموات سے متعلق مقدمات پر مقدمہ چلائیں گے۔

اس کے علاوہ، 20 کاؤنٹیوں کی دوبارے داخلے کی ٹاسک فورسز کے لیے فنڈنگ تین گنا ہو جائے گی جو مقامی حکومتی ایجنسیوں اور علاقے پر مبنی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری میں کیس کے انتظام، نگہداشتی رابطے، اور استحکام کی خدمات فراہم کرتی ہیں۔ DCJS $12 ملین کا انتظام کرے گا، جو ان ٹاسک فورسز کو سالانہ 7,500 افراد کی خدمت کرنے کے قابل بنائے گا، جو کہ 5,000 افراد کا اضافہ ہے۔ طرزِ عمل، صحت، روزگار، اور تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرنے کے علاوہ، یہ سرمایہ کاری بحران کا سامنا کرنے والے افراد کے لیے استحکام کی خدمات کو بھی وسیع کرے گی، ابتدائی رہائش اور آمد و رفت کے اخراجات کو پورا کرے گی، افرادی قوت کی تربیت اور روزگار کے لیے وظیفہ اور مراعات فراہم کرے گی اور برادری کی بنیاد پر ان شراکت داروں کو امداد فراہم کرے گی جو اپنے علاقوں میں واپس آنے والے افراد کو اہم خدمات فراہم کرتے ہیں۔

قید کے پروگراموں کے متبادل لوگوں کو علاج اور خدمات سے جوڑتے ہیں، قید کے استعمال کو کم کرتے ہیں، ٹیکس دہندگان کے پیسے بچاتے ہیں اور بدعنوانی کو کم کرکے عوامی تحفظ کو بہتر بناتے ہیں۔ ان پروگراموں کے لیے فنڈنگ کو $30 ملین تک دوگنا کرنے سے ان پروگراموں تک رسائی اور دستیابی میں اضافہ یقینی ہو جائے گا، جو مؤثر ثابت ہوئے ہیں اور سرمایہ کاری پر نمایاں نتائج فراہم کرتے ہیں: خرچے گئے ہر $1 کے بدلے $4۔ نیو یارک ان خدمات کو وسیع کرے گا، علاقے پر مبنی پروگراموں کا ایک بہترین نیٹ ورک بنائے گا، اور مقدمات چلنے کے منتظر افراد کی دوبارہ گرفتاری کو کم کرے گا۔

دوسری جانب، ریاست نیو یارک سٹی سے باہر تمام کاؤنٹیوں کے لیے قبل از مقدمہ خدمات فنڈنگ میں اپنی سرمایہ کاری کو برقرار رکھے گی۔ یہ فنڈنگ قبل از مقدمہ خدمات کے تسلسل کی کفالت کرے گی، بشمول چھانٹی اور

تشخیص، نگرانی، ایک مرکزی کیس مینجمنٹ سسٹم، اور عدالتی نظام کے ساتھ وقف شدہ معلومات کا اشتراک۔ پروبیشن کے شعبے اور علاقے پر مبنی خدمات فراہم کنندگان کو یہ اہم فنڈنگ ایسی خدمات کو بڑھانے اور بہتر بنانے کے لیے ملے گی جو عوامی تحفظ کو بہتر بناتی ہیں اور مزید لوگوں کو عدالت میں واپس بھیجتی ہیں۔

**محکمۂ اصلاحات اور معاشرتی نگرانی (Department of Corrections and Community Supervision, DOCCS)**

محکمۂ اصلاحات اور معاشرتی نگرانی راچسٹر سے البانی، بفلو اور سیراکیوز تک پُرتشدد اشتمال کے خلاف نگرانی (SAVE) ابتدائی پروگرام کو وسعت دے گا۔ پیرول پر آنے والے افراد جن کی شناخت دوبارہ جرم کرنے کے خطرے کی بلند ترین سطح پر کی گئی ہے، انہیں الیکٹرانک نگرانی اور کڑی نگرانی پر رکھا جائے گا۔
DOCCS کو ایک کل وقتی، سینئر پیرول افسر فراہم کرنے کے لیے اضافی فنڈنگ بھی ملے گی جو کہ GIVE دائرۂ اختیار میں سے ہر ایک کے لیے ڈیٹا کوآرڈینیٹر کے طور پر کام کرے گی تاکہ مقامی سطح پر خفیہ معلومات جمع کرنے اور اس کا تبادلہ کرنے میں سہولت فراہم کی جا سکے؛ اور ریاستی پولیس کی بندوق کے پُرتشدد استعمال کی ٹاسک فورس کے دائرۂ اختیار میں سے ہر ایک میں DOCCS میں آفس آف اسپیشل انویسٹی گیشنز (Office of Special Investigations, OSI) کے اندر ایک کل وقتی، سینئر تفتیش کار کو شامل کریں تاکہ دائرۂ اختیار سے متعلق معلومات کو جمع کر سکیں۔

**ہنگامی ردِعمل کو بہتر بنانے کے لیے ریاست بھر میں آگ بجھانے کے محکمے کو مستحکم کرنا**

آتش زدگی کے رضاکار شعبے نیو یارک کے تقریباً 9 ملین مکینوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں، جو ریاست کی آبادی کا تقریباً نصف ہے۔ البتہ، حالیہ برسوں میں، ان محکموں میں سے تین چوتھائی سے زائد افراد نے رضاکاروں اور خدمت کرنے کے خواہشمند افراد کی تعداد میں کمی کی اطلاع دی ہے۔ ساتھ ہی، سنہ 1997 سے سنہ 2020 تک سروس کے لیے کالوں میں 29 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ان دو عوامل کے نتیجے میں امدادِ باہمی کی کالوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس میں کال کا جواب دینے والے محکمے کو مدد کے لیے پڑوسی محکمے سے مدد لینا لازمی ہے۔ ریاست نیو یارک میں، سنہ 2000 اور سنہ 2020 کے درمیان امدادِ باہمی کی کالوں میں 151 فیصد اضافہ ہوا، جب کہ قومی سطح پر صرف 61 فیصد اضافہ ہوا۔ اس کی وجہ سے رضاکار اور پیشہ ور شعبۂ آتش زدگی دونوں کے وسائل اور عملے پر کافی دباؤ پڑا ہے۔ بھرتی اور برقرار رکھنے کو فروغ دینے کے لیے، گورنر Hochul علاقوں کو اہل رضاکار آگ بجھانے والوں کو معمولی معاوضہ ادا کرنے کی اجازت دینے کے لیے قانون سازی کی تجویز پیش کریں گی، اور بنیادی فائر فائٹرز کی تربیت سے منسلک کچھ اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ایک ریاستی فنڈ بھی تشکیل دیں گی۔ یہ فنڈ ان اجرتوں میں سے کچھ کو بھی پورا کرے گا جس سے رضاکار اس وقت محروم ہو جاتے ہیں جب وہ کام چھوڑ دیتے ہیں کیونکہ انہیں اپنے علاقوں کی خدمت کے لیے تربیت دی جاتی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418